Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney
अवामी न्यूज़

# روزنامہ عوامی نیوز

بے باک صحافت کا علمبردار

کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com

کوئی بھی خبر تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں

₹5/- only

Pages-12 ● 55 :شمارہ ● 12 :جلد ● KOLKATA ● Wednesday, 26th February 2025 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ● E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com, Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332 ● ۲۶ شعبان المعظم ۱۴۴۶ھ ● بمطابق ۲۷ شعبان المعظم ● بدھ، ۲۶ / فروری ۲۰۲۵ء ● کلکتہ











# 27 فروری کو ''ممتا میگا میٹنگ'' نیتاجی انڈور اسٹیڈیم میں

## پارٹی کے سبھی لیڈران، کارکنان کو شامل رہنے کی ہدایت



کولکاتا 25 فروری: نئے سال کے آتے ہی اسمبلی الیکشن کا جوڑ توڑ شروع ہو جائے گا۔ اور 2026 کا اسمبلی الیکشن کو اپنے قبضے میں لینے بڑی جیت رقم کرنے کے لئے سبھی ریاستی بر سر اقتدار پارٹی ترنمول نے ابھی سے ہی اپنی مجرب حکمت عملی کو آزمانے لگی ہے۔ پارٹی کے اندر ابھی سے ہی اسمبلی الیکشن کو لیکر غور وفکر شروع ہو گیا ہے۔ اور اسی آپا دھاپی میں ادھر کچھ دنوں سے ترنمول کانگریس کا وقفے وقفے سے سر جوڑ کر بیٹھک بھی بڑھ گیا ہے۔ اور اب 27 فروری کو ترنمول کانگریس کا میگا اجتماع ونشست بھی ہونے کو ہے۔ نیتاجی انڈور اسٹیڈیم کی اس جم غفیر پارٹی میٹنگ میں پارٹی کی تیز طرار و ہر دلعزیز وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی بھی شامل رہیں گی۔ اور سبھوں کی نگاہیں اس 27 فروری والی بڑی میٹنگ پر ٹکی ہے۔ کیونکہ اس میگا میٹنگ سے ممتا بنرجی جو بھی خطاب کریں گے وہ پارٹی کے حق میں مفید اور آئندہ اسمبلی الیکشن کے لئے جیت کی راہ ہموار کرے گا۔ اسی لئے ابھی پارٹی کے ہر فرد وکارکن نہایت ہی مصروف ہیں اس عظیم میٹنگ کی تیاری میں۔ اب سوال یہ اٹھ رہے ہیں کہ اس میگا میٹنگ میں کون کون سے معروف چہرے نمایاں رہیں گے؟ بتایا جا رہا ہے کہ جن جن اہم پارٹی کے لیڈران وکارکنوں کو پارٹی کی طرف سے خط بھیجا گیا ہے اس میں ان کے لئے مفید نصیحت بھی ہیں اور پارٹی کے نیچے سے لیکر اوپری سطح پر محنت سے کام کرنے والے کارکنوں کو بھی کہا گیا ہے کہ وہ اس میگا میٹنگ میں شرکت کر کے اس میٹنگ کو کامیاب بنائیں۔ میگا میٹنگ میں شامل ہونے والے اہم لوگوں میں سے ہوں گے ریاستی سطح کے نامور (باقی صفحہ 10 پر)

# ٹرالی بیگ سے خاتون کی لاش برآمد، ماں اور بیٹی گرفتار





کولکاتا: 25 فروری (نور عالم) کولکاتا کے کمہارٹولی گھاٹ علاقے میں پیر کی صبح اس وقت سنسنی پھیل گئی جب ایک ٹرالی بیگ سے خاتون کی لاش کے ٹکڑے برآمد ہوئے۔ مقامی لوگوں نے دو خواتین کو گنگا کے کنارے مشتبہ حالت میں بیگ کے ساتھ گھومتے دیکھا اور شبہ ہونے پر انہیں روک لیا۔ جب بیگ کھولا گیا تو اندر ایک معمر خاتون کی لاش ملی۔
پولیس کے مطابق، گرفتار شدہ خواتین کی شناخت فالغونی گھوش اور ان کی والدہ آرتی (باقی صفحہ 10 پر)

# شمال بنگال کی چائے صنعت کو ممتا نے مستحکم بنانے کا فیصلہ کر لیا

## 6 عدد خستہ حال باغان کو مزدوروں کی بہتری کیلئے لیز پر دیا

ناںمو 25 فروری: شمالی بنگال میں چائے کی صنعت کو بارآور کرنے کے لئے ممتا بنرجی کی لائق تحسین پیش قدمی، ایک طرف جہاں انہوں نے چائے کے مزدوروں کی حالت زار کو نظر میں رکھی ہیں وہیں انہوں نے چائے باغان کے مالکان



کے ساتھ بھی رعایتیں کیں ہیں۔ بروز منگل نابھو کے مجلس گاہ میں انہون نے یہ بیان دیا کہ آئندہ 3 برسوں کے لئے 6 عدد خستہ وغیر منافع بخش چائے باغان کو لیز پر دینے کی (باقی صفحہ 10 پر)

# دہلی کے بعد اب کولکاتا میں بھی زلزلہ کے جھٹکے، مغربی بنگال کے کئی علاقوں میں دہشت زدہ لوگ گھروں سے باہر نکلے


25 / فروری: دہلی کے بعد اب کولکاتا سمیت مغربی بنگال کے کئی علاقے زلزلہ سے کانپ اٹھے ہیں۔ یہاں صبح 6:10 بجے زلزلہ کے کئی جھٹکے محسوس کیے گئے۔ نیشنل سینٹر فار سسمولاجی کے مطابق منگل کی صبح ریختر پیمانے پر 5.1 شدت کا زلزلہ آیا۔ اس کا مرکز خلیج بنگال میں تھا جبکہ گہرائی 91 کلومیٹر تھی۔ زلزلہ کے یہ جھٹکے اوڈیشہ کے کئی علاقوں میں بھی محسوس کیے گئے ہیں۔
بتایا جا رہا ہے کہ جس وقت زلزلہ آیا تب صبح کا وقت ہونے کی وجہ سے زیادہ تر لوگ گھروں میں سو رہے تھے۔ لیکن اچانک زلزلہ کے جھٹکوں کی وجہ سے لوگ اٹھ کر گھر کے باہر خالی میدان میں جمع ہو گئے۔ زلزلہ کی وجہ سے ہوئے نقصان کی فی الحال کوئی واضح اطلاع نہیں ملی ہے۔ اس سے پہلے (باقی صفحہ 10 پر)







# کیوں کہا جاتا ہے کہ پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا!!



جاوید اختر بھارتی

**ماچس کی تیلی پھونکوں سے بجھ جاتی، جلتی ہوئی موم بتی پھونکوں سے بجھ جاتی ہے مگر چھوٹے چولھوں میں مختصر لکڑیاں جب سلگتی ہیں تو پھونکوں سے بجھنے کے بجائے جلنے لگتی ہیں اور جلنے کے دوران پھونکوں سے بجھتی بھی نہیں ہیں پھونکوں سے غبارے پھلائے جاتے ہیں مگر پھونکوں سے ٹائر میں ہوا نہیں بھری جاسکتی آتش پھر جلتے ہیں اس جانب جہاں سے ابتداء کی گئی ہے کہ پھونک سے آگ بجھتی بھی ہے**

javedbharti.blogspot.com

# کیا اردو کٹھ ملوں کی زبان ہے؟



معصوم مرادآبادی

masoom.moradabadi@gmail.com

# اسمبلی الیکشن - بہار میں کیا کچھ ہونے جا رہا ہے؟

## ہر پارٹی اپنے وجود کے لئے کوشاں ہے



عبدالعزیز


رابطہ: 9831439068

☆☆☆

# وراٹ کوہلی انڈیا کا اب تک کا سب سے بہترین اور جیت دلانے والا کرکٹر

## سچن تندولکر کے ریکارڈ کو توڑ دینا ثابت کرتا ہے اس سے بہتر کوئی نہیں

دبئی، 25؍فروری: حسب توقع پاکستان کے خلاف انڈیا نے آسان فتح حاصل کر لی اور چمپئنز ٹرافی کے سیمی فائنل میں قدم رکھنے کی سمت میں یقینی طور پر حالات اپنے موافق بنالی۔ پاکستانی کرکٹرز جو موجودہ ٹیم کی فرسٹ الیون میں آتے ہیں وہ کسی بھی اعتبار سے اس قابل نہیں ہیں کہ وہ انڈیا جیسی مضبوط ٹیم کا مقابلہ کرسکیں۔ پاکستان کی موجودہ ٹیم سے بابر اعظم اور شاہین آفریدی کو فوری طور پر نکالنا ضروری ہے کیونکہ یہ کھلاڑی اب اس لائق ہی نہیں ہیں کہ وہ کسی بڑے انٹرنیشنل میچ کھیل سکیں۔ انڈیا کے آل ٹائم ہیرو وراٹ کوہلی نے اپنے آپ کو ثابت کردیا ہے کہ وہ ہندستان کا اب تک کا سب سے بہترین بلے باز ہے۔ اس نے اس میچ میں غیر مفتوح سنچری بنا کر سچن تندولکر کو پیچھے چھوڑ دیا بلکہ اپنے آپ کو عظیم ترین کرکٹر بنالیا جس کے بہترین برتاؤ اور کھیل میں جوش و جذبہ کا بھرپور عکس پیش کرنے کا سہرا حاصل کرلیا۔ سچن تندولکر نے تو صرف 49 ون ڈے کرکٹ کی سنچری بنائی تھی لیکن وراٹ کوہلی کی سنچریوں کی تعداد 51 ہوگئی اور اب اس نے 14000 سے زیادہ رنز ون ڈے کرکٹ میں کرلیا ہے اور ساتھ ہی اپنی جو تاریخ پیچھے چھوڑی ہے وہ اس اعتبار سے چند برسوں تک ناقابل تسخیر رہے گی یا ممکن ہے بہت زیادہ برسوں تک ناقابل تسخیر رہے لیکن ریکارڈ تو ٹوٹنے کے لئے ہی بنتے ہیں اور ممکن ہے مستقبل میں شبھمن گل، شریاس ایئر اس ریکارڈ کو توڑ دے یا ممکن ہے کوئی نیا اسٹار سامنے آئے جو آئندہ 15 سے 20 سال میں وراٹ کوہلی کا یہ ریکارڈ توڑ دے لیکن کیا وہ وراٹ کوہلی کی اس عظمت کو بھی پیچھے چھوڑ پائے گا۔ وراٹ نے جو ریکارڈ بنایا ہے اس میں بطور کپتان ایک جنگجو کھلاڑی کے حاصل کیا ہے وراٹ کوہلی نے 2011 کے ورلڈ کپ میں دھونی کی کپتانی میں کھیلتے ہوئے اپنی اہمیت اور انفرادیت منوائی تھی جب انڈیا نے سری لنکا کو شکست دیکر اس ورلڈ کپ پر قبضہ کیا تھا، پھر 2024 کے ورلڈ کپ میں روہت شرما کی کپتانی میں یہ کامیابی حاصل کی اور اس طرح سے وراٹ کوہلی کی عظمت و



انفرادیت سبھوں کے مقابلے میں بہتر رہی اور اس نے اپنے آپ کو ایک کامیاب کپتان ہی نہیں ایک کامیاب کھلاڑی بھی بنایا جس نے انڈیا کی جیت میں نمایاں رول ادا کیا۔ ابھی سنیل گواسکر نے وراٹ کوہلی کے فارم کو لیکر تنقید کی تھی اور اس انداز میں آرٹیکل لکھا تھا کہ سلیکشن کمیٹی نے اس کے بارے میں از سر نو غور کرے لیکن پاکستان کے خلاف کوہلی نے اپنی برتری ثابت کردی۔

### وراٹ کوھلی کے ناقابل تسخیر ریکارڈز

14085: رنز وراٹ کوہلی نے ون ڈے انٹرنیشنل میں اسکور کئے

3: وراٹ کوہلی دنیا کے تیسرے بلے باز بنے جنہوں نے 14,000 کلب میں خود کو شامل کیا اس سے قبل سچن تندولکر اور کمار سنگا کارا نے یہ ریکارڈ بنایا لیکن کوہلی کا ریکارڈ منفرد رہا جب اس نے یہ ریکارڈ بنایا۔

287: 2877 اننگوں میں وراٹ کوہلی نے یہ ریکارڈ 14000 رنز مکمل کیا جبکہ سچن تندولکر نے 350 اننگوں میں اور کمار سنگا کارا نے 387 اننگوں میں یہ ریکارڈ بنایا۔

51: وراٹ کوہلی نے ون ڈے انٹرنیشنل میں 51 سنچریاں بنائیں جبکہ سچن تندولکر نے 49 سنچریاں بنائیں۔

158: کوہلی نے ون ڈے انٹرنیشنل میں 158 کیچ پکڑے جو کسی بھی انڈین کرکٹر کے مقابلے میں زیادہ رہے۔

ابھی تک کریز پر: وراٹ کوہلی ابھی تک کریز پر موجود ہے اور امید ہے کہ وہ مزید ایک سال اور کریز پر رہے گا اور 15000 رنز اور 55 سنچریوں کا ہدف ہے۔

☆☆☆☆☆

# آئی ایس ایل میں موہن بگان سپر جائینٹ پہلی ٹیم بنی جس نے ٹائٹل کا دفاع کیا

## موجودہ سیزن کو محمڈن تجرباتی عمل سے دیکھ کر اگلے سال بہتر نتائج سامنے لاسکتی ہے



کولکاتا، 25؍فروری: موہن بگان سپر جائینٹ وہ پہلی ٹیم ہے جس نے آئی ایس ایل کا دفاع کیا جب اتوار کے روز اس نے اڈیشہ ایف سی کو ایک گول نل سے شکست دی اور اپنے پوائنٹ کی تعداد 52 کرلی جو اس کے لئے آئی ایس ایل لیگ شیلڈ جیتنے کے لئے کافی ہیں۔ کھیل کے انجیوری ٹائم 93 ویں منٹ پر دیمیتر یوس پیٹراتوس نے اینگولر گراؤنڈ شاٹ مار کر یہ جیت حاصل کی۔ موہن بگان سپر جائینٹ جس نے لگاتار دوسرے سال آئی ایس ایل شیلڈ کا خطاب جیتا اور اس جیت کے نتیجے میں اس نے اے ایف سی چمپیئن لیگ 2 میں بھی کوالیفائی کرلیا جو برصغیر کا سکنڈ ٹائر ٹورنامنٹ کہلاتا ہے۔ موہن بگان نے اس خطاب میں 2023-24 میں قبضہ کیا تھا اور پھر 2024-25 کا خطاب بھی حاصل کرلیا۔ آئی ایس ایل میں اپنے 22 ویں ایڈیشن کے میچ میں موہن بگان نے 52 پوائنٹس بنالئے اور شیلڈ جیت لیا جبکہ ابھی بھی اسے دو میچ کھیلنے ہیں۔ موہن بگان کے قریبی حریف گوا ایف سی نے کل ملاکر 42 پوائنٹ بنائے جو 21 میچوں میں بنے ہیں اب اگر وہ آخری تین میچ جیت بھی لیتا ہے تو اس کے 51 پوائنٹ ہی ہونگے لہٰذا موہن بگان کو پھر بھی ایک پوائنٹ کی برتری حاصل رہے گی اگر وہ اپنے آخری دو میچوں میں شکست بھی کھا جاتا ہے۔ جوس مولینا کی کوچنگ والی ٹیم موہن بگان سپر جائینٹس نے اب تک 16 میچ جیتے اور چار میچ ڈرا کئے اور صرف دو میچوں میں اسے شکست ہوئی ہے اس مرتبہ موہن بگان کا ریکارڈ اپنے قریبی حریف ایسٹ بنگال کے مقابلے میں بہت ہی شاندار رہا جبکہ محمڈن اسپورٹنگ نے بھی پہلی مرتبہ اس ٹورنامنٹ میں حصہ لیا اور اس وقت وہ صرف 11 پوائنٹ بنا کر بالکل آخری پوزیشن میں ہے۔

اگر کھیل کے اعتبار سے دیکھا جائے تو محمڈن اسپورٹنگ کو بھلے ہی آخری پوزیشن حاصل ہوئی ہو، لیکن بیشتر میچوں میں اس کی کارکردگی حریف کے مقابلے میں کافی بہتر رہی لیکن بدقسمتی سے چار میچوں میں اسے انجیوری ٹائم کے گول سے پچھڑ جانا پڑا اور یہ اس ٹیم کے لئے بڑا افسوسناک لمحہ رہا۔ لیکن ان سب کے باوجود یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس سیزن کے کھیل کو محمڈن ایک تجربے کے طور پر لے، چونکہ اس سال ریلی گیشن سسٹم چالو نہیں ہے البتہ آئی۔ لیگ کی چمپیئن ٹیم اگلے سال آئی ایس ایل میں شامل ہوگی اور ٹیموں کی تعداد 14 ہوجائے گی اور اگلے سیزن سے آئی ایس ایل میں ریلی گیشن شروع ہو رہا ہے جس کی وجہ سے مقابلہ اور بھی نتیجہ خیز ہوجائے گا۔

# میرابائی چانو نے موٹاپے کے خلاف لڑائی میں انھیں شامل کرنے کے لیے وزیراعظم مودی کا شکریہ ادا کیا

نئی دہلی، 25 فروری (یواین آئی) ٹوکیو اولمپکس ریسلنگ میں چاندی کا تمغہ جیتنے والی سیکھوم میرابائی چانو موٹاپے کے خلاف لڑائی میں بیداری پھیلانے کے لیے وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے نامزد کیے جانے پر پرجوش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ روزمرہ کی زندگی میں چھوٹی چھوٹی تبدیلیاں کرنے سے پورے ملک میں ایک بڑی تبدیلی آسکتی ہے اور فٹ انڈیا بنانے کے ہمارے خواب کو پورا کرنے کی سمت ہمیں آگے بڑھنے میں مدد مل سکتی ہے۔ ایکس کے ذریعہ اپنے احساس کا اظہار کرتے ہوئے، چانو نے کہا، "میں موٹاپا کے خلاف لڑائی میں بیداری پھیلانے کے لئے وزیراعظم نریندر مودی کے ذریعہ نامزد کئے جانے سے پرجوش ہوں۔ "ہماری روزمرہ کی زندگی میں چھوٹی چھوٹی تبدیلیاں لانے سے پورے ملک میں ایک بڑی تبدیلی آسکتی ہے اور ہمیں فٹ انڈیا بنانے کے اپنے خواب کو سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے۔ قابل ذکر ہے کہ اتوار کو وزیراعظم نریندر مودی نے "من کی بات "پروگرام میں موٹاپے کے مسئلے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا کہ موٹاپے کو باقاعدہ معمول اور خوراک کے ذریعہ کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔ اگر ہم اپنے کھانے میں تیل کا استعمال کم کریں گے تو اس سے موٹاپے کے مسئلے سے نجات مل سکتی ہے۔

## راولپنڈی میں بارش کے سبب آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کے درمیان میچ تاخیر کا شکار

راولپنڈی، 25 فروری (یواین آئی) راولپنڈی میں آسٹریلیائی اور جنوبی افریقہ کے مابین آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے ساتویں میچ کا ٹاس بارش کی وجہ سے تاخیر کا شکار ہوگیا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان میچ راولپنڈی میں شیڈول ہے جہاں بارش کے باعث میچ کا ٹاس تاخیر کا شکار ہے۔ دونوں ٹیموں کا یہ اس ٹورنامنٹ میں دوسرا میچ ہے، دونوں ٹیموں نے اپنے پہلے میچ میں کامیابی حاصل کی تھی۔ مسلسل بوندا باندی کی وجہ سے ٹاس کا طے شدہ وقت متاثر ہوا۔ سیاہ بادل اسٹیڈیم کے اوپر منڈلا رہے ہیں اور تاخیر میں اضافے کا امکان ہے۔ جب بوندا باندی تھوڑی دیر کے لئے رک گئی تو، کور کو کچھ وقت کے لئے ہٹادیا گیا، لیکن پھر بارش شروع ہوگئی۔ گراؤنڈ اسٹاف، سپر سوپرز کی مدد سے زمین کو بہترین پوزیشن میں رکھنے کی کوشش کر رہا ہے۔ راولپنڈی میں وقفے وقفے سے ہلکی اور تیز بارش کے باعث آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کے درمیان ٹاس بھی نہیں ہوسکا ہے۔ امپائر کرس گیفانی اور رچرڈ کیٹلبر و نے دوپہر کو ٹاس میں تاخیر کا فیصلہ کرنے سے پہلے حالات کا معائنہ کیا۔ موسم کی پیش گوئی کے مطابق بارش کا سلسلہ دن بھر جاری رہ سکتا ہے۔ یاد رہے کہ 50 اوور کے ٹورنامنٹ کے اپنے ابتدائی میچوں میں آسٹریلیا نے انگلینڈ کو جبکہ جنوبی افریقہ نے افغانستان کو شکست دی تھی۔ گروپ 'اے' سے ہندوستان اور نیوزی لینڈ نے سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا ہے جبکہ پاکستان اور بنگلہ دیش ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئے ہیں۔

## ریحان احمد برائیڈن کارس کی جگہ انگلینڈ کی ٹیم میں شامل

دبئی، 25 فروری (یواین آئی) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کی ایونٹ ٹیکنیکل کمیٹی نے انگلینڈ کے لیے برائیڈن کارس کے متبادل کے طور پر ریحان احمد کے نام کو منظوری دے دی ہے۔ چھ ون ڈے کھیلنے والے احمد کو انگلی کی چوٹ کی وجہ سے کارس کے باہر ہونے کے بعد متبادل کے طور پر نامزد کیا گیا تھا۔ کھلاڑی کو باضابطہ طور پر اسکواڈ میں شامل کرنے سے پہلے کسی کھلاڑی کی تبدیلی کے لیے ایونٹ ٹیکنیکل کمیٹی کی منظوری درکار ہوتی ہے۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کی ایونٹ ٹیکنیکل کمیٹی میں وسیم خان (آئی سی سی کے جنرل منیجر[؟] کرکٹ)، سارہ ایڈگر (آئی سی سی سینئر منیجر ایونٹس)، عثمان واہلہ (پی سی بی کے ڈائریکٹر[؟] انٹرنیشنل کرکٹ آپریشنز)، شان پولک (آزاد نمائندہ) شامل ہیں۔ انگلینڈ اس وقت ٹورنامنٹ کے اپنے ابتدائی میچ میں آسٹریلیا سے ہارنے کے بعد گروپ بی میں مشکل پوزیشن میں ہے۔ انگلینڈ کی ٹیم: جوز بٹلر (کپتان)، جوفرا آرچر، گس اٹکنسن، ٹام بینٹن، ہیری بروک، بین ڈکٹ، جیمی اوورٹن، جیمی اسمتھ، لیام لیونگ اسٹون، عادل رشید، جو روٹ، ثاقب محمود، فل سالٹ، مارک ووڈ، ریحان احمد۔

# میراتھن تیراکی: ذہنی قوت اور حکمت عملی کی صلاحیت کا امتحان

نئی دہلی، 25 فروری (یواین آئی): میراتھن تیراکی میں تراکوں کو کھلے پانی جیسے سمندر، دریاؤں اور جھیلوں میں 10 کلومیٹر کا کورس کرتے ہوئے دیکھا جاتا ہے یعنی یہ ذہنی قوت اور حکمت عملی کی صلاحیت والا امتحان ہوتا ہے۔ کھلے ماحول کا مطلب یہ ہے کہ کھلاڑیوں کو بدلتے ہوئے دھاروں کے مطابق ڈھال لینا چاہیے، جبکہ حریفوں اور پانی کے رکنے کے درمیان جسمانی رابطہ ایک باقاعدہ واقعہ ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کی دوڑ کے بعد آخری تین کلومیٹر میں ایک دلچسپ سپرنٹ ختم ہوتا ہے۔



میراتھن تیراکی کا تصور اس وقت سے رہا ہے جب کیپٹن میتھیو ویب 1875 میں انگلش چینل کو تیرنے والے پہلے شخص بنے تھے۔ ایک اور قابل ذکر میراتھن تیراکی 1926 میں ہوئی، جب 19 سالہ گیرٹروڈ ایڈرلی انگلینڈ اور فرانس کے درمیان کراسنگ کرنے والی پہلی خاتون بنیں۔ آسٹریلیا کے پرتھ میں 1991 کی عالمی چیمپئن شپ میں "اوپن واٹر "تیراکی ایک باضابطہ ورلڈ ایکواٹکس، جسے اس وقت فائنا کہا جاتا تھا، کا شعبہ بن گیا، جہاں مرد اور خواتین دونوں نے 25 کلومیٹر کے کورس میں حصہ لیا۔ 10 کلومیٹر کا فاصلہ 2001 میں جاپان کے فوکوکا میں شامل کیا گیا تھا۔

میراتھن تیراکی کے مقابلوں کا آغاز ایک بڑے پیمانے پر ہوتا ہے، جہاں حریف بغیر کسی لین کی پابندیوں کے ساتھ ایک ہی وقت میں ایک پلیٹ فارم سے سر کی آواز پر غوطہ لگاتے ہیں۔ اس طرح، تیراکوں کے درمیان اتفاقی رابطے کی اجازت ہوتی ہے۔ کھلاڑی ایک کلائی بینڈ پہنتے ہیں جسے ٹرانسپونڈر کہا جاتا ہے، جو نتائج کے نظام میں ان کے وقت کا حساب رکھتا ہے۔ کھلاڑیوں کو گھڑی کو روکنے کے لیے دوڑ کے اختتام پر ایک پیڈ کو چھونا ضروری ہے، اور انہیں تیز رفتاری، سلپ اسٹریمنگ، چلنے یا چھلانگ لگانے، یا اپنے ٹرانسپونڈر کے بغیر ختم کرنے کے لیے نااہل قرار دیا جاسکتا ہے۔

سوئمنگ پول کو اپنانے سے پہلے، جدید اولمپک کھیلوں کے پہلے تین ایڈیشنوں میں تیراکی کے مقابلے کھلے پانی کے ماحول جیسے سمندروں، دریاؤں اور جھیلوں میں ہوتے تھے۔ تاہم، مردوں اور خواتین کے لیے پہلا باضابطہ میراتھن تیراکی کا ایونٹ اولمپک گیمز بیجنگ 2008 میں 10 کلومیٹر کی دوڑ کے ساتھ ہوا۔ نیدرلینڈز اب تک تین اولمپک گولڈ میڈلسٹ مارٹن وین ڈیر ویجڈن جنہوں نے سال 2008 میں، شیرون وین رووںڈل نے سال 2016 میں اور فیری ویرٹ مین نے سال 2016 کے ساتھ اب تک کا سب سے کامیاب ملک رہا ہے۔ بیجنگ 2008 میں مردوں کی 1500 میٹر فری اسٹائل اولمپک طلائی تمغہ جیتنے والے تیونس کے اوسامہ میلولی رہے، اسی اولمپکس میں تیراکی اور میراتھن تیراکی کے تمغے جیتنے والے تاریخ کے پہلے کھلاڑی بن گئے جب انہوں نے لندن میں سال 2012 میں 10 کلومیٹر میراتھن ایونٹ جیتا اور 1500 میٹر فری اسٹائل میں کانسہ کا تمغہ حاصل کیا۔

ٹوکیو 2020 میں چاندی کے ساتھ اپنے اولمپک ٹائٹل کے دفاع سے قلیل فاصلے پر محروم ہونے کے بعد، 29 سالہ ڈچ خاتون شیرون وان رووںڈل نے 2022 کی عالمی چیمپئن شپ جیتی اور وہ حتمی حریف بنی ہوئی ہیں۔ ٹوکیو میں گولڈ میڈل جیتنے والی برازیل کی اسٹار اینا مارسلا کونہا اور ریو 2016 اور 2022 ورلڈ چیمپئن شپ دونوں میں چاندی کا تمغہ جیتنے والی فرانس کی اوریلی مولر کے ساتھ ان کی دشمنی کا لطف اٹھانا بہت اچھا ہے

۔جرمنی کے ویلبروک نے ٹوکیو 2020 میں میراتھن تیراکی کا خطاب اور 1500 میٹر فری اسٹائل کانسی کا تمغہ جیتا۔ ان کے اطالوی حریف پالٹرینیری۔ جنہوں نے ریو 2016 میں 1500 میٹر فری اسٹائل طلائی تمغہ جیتا تھا، نے ٹوکیو 2020 میں 800 میٹر فری اسٹائل چاندی اور میراتھن تیراکی میں کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔ ریو 2016 میں میراتھن تیراکی میں کانسہ اور 2019 کی عالمی چیمپئن شپ میں چاندی کا تمغہ جیتنے والے فرانسیسی کھلاڑی مارک اینٹوین اولیور بھی دیکھنے کے قابل ہیں۔

اوپن واٹر تیراکی کا ٹرپل کراؤن تین میراتھن تیراکوں پر مشتمل ہوتا ہے ۔پہلا انگلش چینل کو عبور کرنا جو تقریباً 21 میل یا 34 کلومیٹر کا ہے، دوسرا کاتالینا جزیرے اور جنوبی کیلیفورنیا، امریکہ میں سرزمین کے درمیان ہے جس کا فاصلہ تقریباً 20.1 میل یعنی 32.3 کلومیٹر ہے، اور تیسرا نیویارک شہر، امریکہ میں مین ہیٹن جزیرے کے اردگرد 28.5 میل پر مشتمل ہے۔

سال 1896 میں ایتھنز میں ہونے والے پہلے جدید کھیلوں میں تیراکی ایک خطرناک سرگرمی تھی لیکن آج کی تیراکی میں مرد اور خواتین اب سولہ مقابلوں میں حصہ لیتے ہیں، جن میں مختلف فاصلے پر چار مختلف اسٹروک شامل ہوتے ہیں۔ فری اسٹائل ریس میں پچاس میٹر، سو میٹر، دو سو میٹر، چار سو میٹر، آٹھ سو میٹر، پندرہ سو میٹر، دس ہزار میٹر شامل ہیں۔ آٹھ سو میٹر صرف خواتین کے لیے ہوتی ہے اور پندرہ سو میٹر صرف مردوں کے لیے ہے۔ بٹر فلائی، بیک اسٹروک، اور بریسٹ اسٹروک کی دوڑوں میں سے ہر ایک میں سو میٹر اور دو سو میٹر شامل ہوتی ہیں۔ چاروں اسٹروک دو سو میٹر اور چار سو میٹر انفرادی میڈلے مقابلوں میں استعمال ہوتے ہیں۔

ہر دوڑ میں زیادہ سے زیادہ آٹھ تیراک ہوتے ہیں۔ پچاس میٹر، سو میٹر اور دو سو میٹر میں ابتدائی ہیٹس تیز ترین وقت کے لحاظ سے سیمی فائنل اور فائنل کی طرف لے جاتی ہیں۔ ریلے اور چار سو میٹر یا اس سے زیادہ کے انفرادی مقابلوں میں، ابتدائی ہیٹس میں آٹھ تیز ترین ختم کرنے والے براہ راست فائنل میں پہنچ جاتے ہیں۔ غوطہ خوری میں، حریف متعدد غوطہ لگاتے ہیں اور انہیں ان کی خوبصورتی اور مہارت کی بنیاد پر دس پوائنٹس تک دیے جاتے ہیں۔ پوائنٹس کو مشکل کی ڈگری کے مطابق ایڈجسٹ کیا جاتا ہے، جو کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی چالوں کی تعداد اور قسم کی بنیاد پر ہوتا ہے، جیسے کہ سمر سالٹ، پائیک ٹکس اور موڑ وغیرہ۔ جج فنکارانہ اثرات اور تکنیکی قابلیت کے لیے ممکنہ 10 میں سے پوائنٹس دیتے ہیں۔

واٹر پولو میں 12 ٹیمیں اولمپک کھیلوں میں مردوں کے زمرے کے لیے کوالیفائی کرتی ہیں جبکہ آٹھ ٹیمیں خواتین کے زمرے میں مقابلہ کرتی ہیں۔ ٹیمیں راؤنڈ رابن گروپوں میں ایک دوسرے سے کھیلتی ہیں، ہر پول سے چوٹی کی چار ٹیمیں مردوں کے مقابلے میں کوارٹر فائنل میں پہنچتی ہیں، اور ہر پول سے چوٹی کی دو ٹیمیں خواتین کے مقابلے میں سیمی فائنل میں پہنچتی ہیں۔

★★★★★

Aawami news Kolkata
Also published from Ranchi & Patna
Wednesday, 26th February, 2025


روزنامہ عوامی نیوز کولکاتا
بدھ،۲۶ / فروری ۲۰۲۵ء

SPORTS

# کھیل کی دنیا

# کوہلی کی اننگز اہم میچ میں اچھا مظاہرہ کرنے کی صلاحیت کا ثبوت ہے: رکی پونٹنگ





دبئی، 25فروری (یواین آئی) پاکستان کے خلاف چیمپئنز ٹرافی میں وراٹ کوہلی کی سنچری کو غیر معمولی قرار دیتے ہوئے آسٹریلیا کے سابق کپتان رکی پونٹنگ نے کہا کہ کوہلی کی اننگز اہم میچ میں اچھا مظاہرہ کرنے کی صلاحیت کا ثبوت ہے۔ دبئی میں ایک ہائی وولٹیج مقابلے میں کوہلی نے شاندار سنچری بنا کر ہندوستان کو پاکستان کے خلاف چھ وکٹوں سے شاندار فتح دلائی تھی۔ پونٹنگ نے کہا، "میں نے ہمیشہ کہا ہے کہ بڑے کھیل بڑے ناموں کے برابر ہوتے ہیں۔ آپ کو ان بڑے لمحوں میں کھڑا ہونے کے لیے اپنے بڑے ناموں کی ضرورت ہوتی ہے، اور ہندوستان کے لیے پاکستان کے خلاف میچ سے بڑا کوئی کھیل نہیں ہے۔"انہوں نے کہا، "بین الاقوامی سطح پر سب سے بڑے مقابلوں میں آپ جو کرتے ہیں، اسی سے آپ کی شہرت بنتی ہے۔اس لیے میرے لیے یہ کوئی حیرانی کی بات نہیں ہے کہ ایسا ہوا ہے۔ "انہوں نے کوہلی کی 111 گیندوں پر ناٹ آوٹ 100 رنز کی اننگز کو ان کی فطرت اور اہم حالات میں اچھا مظاہرہ کرنے کی صلاحیت کا ثبوت قرار دیا۔پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ، پاکستان نے 49.4 اوورز میں 241 رنز بنائے ، جو چیلنجنگ لگ رہے تھے لیکن ہندوستان کی بیٹنگ نے اسے مختصر ثابت کر دیا۔ پاکستان کے پاس ایسے کئی بلے باز تھے جنہوں نے آغاز تو کیا لیکن اسے بڑے اسکور میں تبدیل کرنے میں ناکام رہے۔ سعود شکیل(62)، محمد رضوان (46)اور خوشدل شاہ (38) سب نے تعاون کیا لیکن ان میں سے کسی نے بھی میزبان ٹیم کے لیے فیصلہ کن اننگز نہیں کھیلی۔ پونٹنگ نے کہا، "آپ دو اسکور کارڈ دیکھیں، ایک ہے، وراٹ 100 رنز بنا رہا ہے ، اور پاکستان کے بہت سے کھلاڑی بغیر کسی کے آگے بڑھے اور بڑا اسکور نہیں بنا رہے ہیں۔ میں نے ہمیشہ کہا ہے کہ کھیل کے کسی بھی فارمیٹ میں 50 یا نصف سنچری کبھی بھی آپ کو یا آپ کی ٹیم کو کچھ نہیں دلوا سکتی۔ آپ کو بڑے اسکور حاصل کرنے ہوں گے اور اس لیے ذاتی طور پر بڑے اسکور نہیں تھے، لیکن بڑی شراکت داری بھی نہیں تھیں۔"

ماہر جوڑی کلدیپ یادو (3/40) اور ہاردک پانڈیا (2/31) نے پاکستان کو روکنے میں ہندوستان کے لیے اہم کردار ادا کیا، جس سے یہ یقینی ہوا کہ پاکستانی بلے باز مزید چیلنجنگ ہدف نہیں دے سکے۔ 242 رنز کے تعاقب میں، ٹیم انڈیا نے ابتدائی وکٹیں گنوا دیں، لیکن کوہلی نے صبر وتحمل کے ساتھ اننگز کو آگے بڑھایا۔ شریس ایئر (56) کے ساتھ ایک اہم شراکت داری بناتے ہوئے ، انہوں نے کئی صحیح وقت پر اسٹروک اور جارحانہ بلے بازی کے ساتھ ہندوستان کو جیت سے ہمکنار کیا۔ اپنی اننگز کے دوران، کوہلی نے ون ڈے میں 14، 000 رنز کے ہندسے کو بھی عبور کیا اور اب صرف وہ کمار سنگا کارا اور سچن تینڈولکر سے پیچھے ہیں۔ پونٹنگ نے کہا، "وہ واضح طور پر طویل عرصے تک ایک چیمپئن کھلاڑی رہے ہیں۔ خاص طور پر سفید گیند کے فارمیٹ میں، جہاں وہ 50 اوورز میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ مجھے نہیں لگتا کہ میں نے کبھی کوہلی سے بہتر 50 اوور کا کھلاڑی دیکھا ہے۔ اب جبکہ وہ مجھ سے آگے نکل گئے ہیں اور صرف دو رنز ہی آگے ہیں، مجھے یقین ہے کہ وہ خود کو کھیل میں سب سے بڑا رن اسکورر کے طور پر یاد کیے جانے کا سب سے بہترین موقع دینا چاہیں گے۔"

# سابق جرمن اسٹار فٹبالر میسوت اوزل نے ترک سیاست میں قدم رکھا

انقرہ، 25فروری (یواین آئی) ہسپانوی کلب ریال میڈریڈ اور انگلش کلب ارسنل کے لیے کھیلنے والے سابق جرمن اسٹار فٹبالر میسوت اوزل نے ترکیہ کی حکمران جماعت جسٹس اینڈ ڈویلپمنٹ پارٹی (اے کے پی) میں شمولیت اختیار کرکے سیاست میں قدم رکھنے کا اعلان کردیا۔ خبر رساں ادارے 'اے ایف پی' کی رپورٹ کے مطابق میسوت اوزل انقرہ میں کانگریس میں اے کے پی کی مرکزی کونسل کا رکن بنے جبکہ 2002 سے ترکیہ پر حکمرانی کرنے والے رجب طیب اردوان نویں بار منتخب ہوئے۔

جرمن نژاد اوزل 2023 میں فٹبال میں ریٹائرمنٹ لے چکے ہیں جبکہ وہ 2014 کی جرمن ٹیم کا حصہ تھے جس نے فائنل میں ارجنٹینا کو شکست دے کر فیفا ورلڈ کپ جیتا تھا۔

اوزل طویل عرصے سے اردوان کے حامی ہیں، 2019 میں سابق مس ترکیہ امینے گل سے شادی کے موقع پر رجب طیب اردوان نے میسوت اوزل کے بیسٹ مین کے طور پر تقریب میں شرکت کی تھی۔

ایک اور ترک نژاد جرمن کھلاڑی ایلکائے گندوآن کے ساتھ اوزل اور اردوان کی تصویر جرمنی میں تنازع کا باعث بنی تھی جہاں جرمن انتہائی دائیں بازو نے اوزل کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔

2018 میں سامنے آنے والی تصویر کے کچھ عرصے بعد اوزل نے خاموشی توڑتے ہوئے جرمن فٹبال ایسوسی ایشنز اور اسپانسرز بشمول میڈیا پر سخت بیانات دیے، انہوں نے فٹبال ایسوسی ایشن کے سربراہ کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ 'گرائنڈل اور ان کے حامیوں کی نظر میں جب ہم جیتتے ہیں تو میں جرمن ہوں لیکن جب ہم ہارتے ہیں تو میں تارکین وطن بن جاتا ہوں'۔

اس تنازع کے بعد 2018 میں میسوت اوزل نے جرمن فٹبال سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا تھا۔

سابق مڈفیلڈر نے 2009 سے 2018 تک جرمنی کی قومی فٹبال ٹیم کے لیے اپنی خدمات انجام دیں جس کے بعد 2019 میں امینے گل سے شادی کرنے کے بعد وہ ترکیہ میں ہی مقیم ہیں جہاں 2019 سے 2023 تک وہ ترک کلب فینار باہچے اور استنبول باشکاشہر سے وابستہ رہے۔

تاہم وہ 2023 میں ریٹائر ہو چکے ہیں جس کے بعد ان کے سیاسی کریئر کے آغاز کے حوالے سے غیر مصدقہ خبریں گردش کررہی تھیں۔

# پاکستان کی شکست کے لیے سلیکٹرز ذمہ دار: ثنا میر

کراچی، 25فروری (یواین آئی) چیمپئنز ٹرافی سے باہر ہونے پر وسیم اکرم اور شعیب اختر سمیت کئی بڑے کھلاڑیوں کی تنقید کا سامنا کرنے والی پاکستانی ٹیم کو پاکستانی خواتین کرکٹ ٹیم کی سابق کپتان ثنا میر سے بھی کھری کھوٹی سننی پڑی ہے۔



ثنا میر کا کہنا ہے کہ پاکستان کی خراب حالت کے لیے سلیکٹرز بھی ذمہ دار ہیں۔ پاکستان کا کھیل تو تب ہی ختم ہو گیا تھا جب ٹیم کا اعلان کیا گیا تھا۔ اس ٹیم کا کوئی بھی بھلا نہیں کر سکتا۔ چاہے وہ مہندر سنگھ دھونی جیسے کرشماتی کپتان ہوں یا پھر پاکستان کے کامیاب کپتان یونس خان ہی کیوں نہ ہوں۔ چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی کرنے والی ٹیم میزبان پاکستان ، نیوزی لینڈ اور ہندوستان سے دو ابتدائی میچ ہار کر چیمپئنز ٹرافی سے باہر ہوگئی۔ اب اسے اپنے آخری میچ میں بنگلہ دیش کا سامنا کرنا ہے۔

ثنا نے " گیم آن ہے "پروگرام میں کہا، "چیمپئنز ٹرافی کے لیے جن 15 کھلاڑیوں کا انتخاب کیا گیا ہے، انہیں دیکھتے ہوئے اگر آپ مہندر سنگھ دھونی یا یونس خان کو بھی قیادت سونپ دیں تب بھی کچھ نہیں ہونے والا کیونکہ ٹیم کا انتخاب کھیل کی صورتحال کو دیکھ کر نہیں کیا گیا ہے۔" محمد رضوان کی زیر قیادت پاکستانی ٹیم کو ہندوستان کو چھ وکٹ کی شکست کا سامنا کرنے کے بعد مسلسل تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

# ہندوستان نے بصارت سے محروم مردوں کی ٹی 20 کرکٹ سیریز جیت لی

بنگلور، 25فروری (یواین آئی) ٹیم انڈیا نے بصارت سے محروم مردوں کی دوطرفہ ٹی 20 کرکٹ سیریز میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بنگلہ دیش کو نو وکٹوں سے شکست دے دی۔ منیپال یونیورسٹی کیمپس میں اس زوردار فتح کے ساتھ ہندوستان نے سیریز 0-3 سے اپنے نام کرلی۔ ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کرتے ہوئے ہندوستان نے شاندار گیند بازی کا مظاہرہ کیا اور بنگلہ دیش کو 20 اوورز میں چار وکٹوں پر 173 رنز تک محدود رکھا۔ سلمان 38 گیندوں میں 50 رنز بنا کر بنگلہ دیش کے لئے سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑی رہے، جبکہ ہندوستان کی طرف سے ٹی درگا راو نے تین وکٹیں لے کر متاثر کیا۔ جواب میں بیٹنگ کے لئے اتری ہندوستانی ٹیم کے سنیل رمیش نے صرف 46 گیندوں میں ناٹ آوٹ 96 رنز بنا کر میچ کو اپنی ٹیم کے حق میں کر دیا۔

# ہم انگلینڈ کے ساتھ مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہیں: شہیدی

لاہور، 25فروری (یواین آئی) افغانستان کے کپتان حشمت اللہ شاہدی نے اپنی ٹیم کو خود پسندی سے بچنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ان کی ٹیم انگلینڈ کے ساتھ مقابلے کے لئے پوری طرح تیار ہے۔ انہوں نے ٹیم کے ارکان کو خود پسندی سے بچنے کی نصیحت دیتے ہوئے میدان میں توجہ مرکوز کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ ٹورنامنٹ شروع ہونے سے پہلے ہی افغانستان کی کافی تعریف کی گئی تھی، جس میں کئی سابق کرکٹرز بھی شامل تھے۔ جنوبی افریقہ سے شکست کے بعد انگلینڈ کے خلاف اہم میچ کی تیاری کررہے کپتان شاہدی نے اعتراف کیا کہ ان کی ٹیم کو نتائج دینے پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔ شاہدی نے کہا، "ہاں، یہ اچھا لگتا ہے جب بڑے کھلاڑی اور کرکٹ ماہرین آپ اور آپ کی ٹیم کے بارے میں مثبت باتیں کرتے ہیں۔ اس سے آپ کو اعتماد ملتا ہے۔ اگر وہ کہتے ہیں کہ ہم سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیں گے تو ہمیں اس کے لئے میدان پر سخت محنت کرنی ہوگی۔"



انہوں نے مزید کہا، "جیسے کہ میں نے کہا، چیمپئنز ٹرافی میں مضبوط ٹیمیں ہیں، یہ دنیا کی ٹاپ آٹھ رینکنگ والی ٹیمیں ہیں۔ اس لیے ایک دوسرے کا سامنا کرنا ایک مشکل چیلنج ہے۔ یہ چیزیں ہمیں اعتماد دیتی ہیں لیکن ساتھ ہی، اگر ہم ان ٹیموں کو شکست دینا چاہتے ہیں تو ہمیں میدان پر سخت محنت کرنی ہوگی اور اس دن اپنا بہترین کرکٹ کھیلنا ہوگا۔" افغانستان کی چیمپئنز ٹرافی کی ابتدا مایوس کن رہی اور انہیں جنوبی افریقہ کے خلاف 107 رنز سے بھاری شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ جب کپتان شاہدی سے پوچھا گیا کہ کیا افغانستان کے لئے پہلے بورڈ پر رنز بنانا اور پھر اپنے بہتر بولنگ حملے کا استعمال کر کے حریف ٹیم کو روکنا زیادہ مؤثر ہوگا؟ تو انہوں نے کہا، "مجھے لگتا ہے کہ جب ہم پہلے بیٹنگ کرتے ہیں تو ہمیں زیادہ موقع ملتا ہے۔ لیکن ساتھ ہی، ہم نے پچھلے ورلڈ کپ میں دوسری بیٹنگ کرتے ہوئے ٹیموں کو بھی ہرایا تھا۔"

انہوں نے کہا، "جنوبی افریقہ کے کھیل میں، مجھے لگتا ہے کہ وکٹ تیز گیند بازی کے لئے تھوڑی مددگار تھی۔ میں یہ بھی مانتا ہوں کہ پہلے 20 اوورز میں افغانستان کی بیٹنگ میں دم نہیں تھا۔ جب ہمارے اسپنرز گیند بازی کررہے تھے، تو ان کے لئے کوئی مدد نہیں تھی۔ میں نے ایک بھی گیند کو ٹرن ہوتے نہیں دیکھا۔ اس لیے ہم اچھا نہیں کھیل پائے، خاص طور پر بلے بازی میں۔ ہم نے پہلے 20 اوورز میں اچھی شروعات نہیں کی۔ یہ کوئی بہانہ نہیں ہے، بلکہ دنیا جانتی ہے کہ ہمارے پاس اچھے اسپنرز ہیں۔"

افغانستان نے 2023 کرکٹ ورلڈ کپ میں انگلینڈ کو بڑا اپ سیٹ کرتے ہوئے ہرا دیا تھا۔ شاہدی نے اعتراف کیا کہ حالانکہ وہ اس جیت سے اعتماد حاصل کریں گے، اگلا مقابلہ ایک نیا آغاز ہے، اور وہ نتائج کو دوبارہ حاصل کرنے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں کریں گے۔

انہوں نے کہا، 2023"میں ہم نے انگلینڈ کے خلاف اچھا کھیل دکھایا اور ہم نے انہیں ہرا دیا۔ ہمیں اپنے اوپر یہ اعتماد ہے لیکن یہ تاریخ کا حصہ ہے۔ اب ہمیں ایک نئی ذہنیت اور نئی حکمت عملی کے ساتھ میدان میں اترنا ہوگا۔ مجھے لگتا ہے کہ ہم سب جانتے ہیں کہ انگلینڈ کے خلاف مقابلہ ہمارے لئے ایک مشکل چیلنج ہے لیکن ہم کسی بھی طرح کے چیلنج کے لئے تیار ہیں۔"

# آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کا میچ بارش کے باعث منسوخ

راولپنڈی، 25فروری (یواین آئی) مسلسل بارش کی وجہ سے انگلینڈ اور جنوبی افریقہ کے درمیان کھیلا جانے والا میچ ایک بھی گیند پھینکے بغیر منسوخ کر دیا گیا جس سے دونوں ٹیموں کو ایک ایک پوائنٹ کے ساتھ اکتفا کرنا پڑا۔ صبح سے جاری بارش کے سبب گراؤنڈ اسٹاف کے پاس ہندوستانی وقت کے مطابق 19:32 بجے کے کٹ آف وقت سے پہلے میدان کو کھیلنے کے اہل بنانے کا کوئی موقع نہیں بچا جس کے بعد میدان امپائرز نے میچ کو رد کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس طرح گروپ بی کا اہم میچ بارش کے باعث منسوخ کر دیا گیا۔ پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں آوٹ فیلڈ گیلی ہونے کے باعث کھیل ممکن نہ رہا جبکہ میچ کا ٹاس بھی نہ ہوسکا۔ میچ منسوخ ہونے کے بعد آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ دونوں کو ایک ایک پوائنٹ دے دیا گیا۔ دونوں ٹیموں کے اب تین تین پوائنٹس ہو چکے ہیں جہاں جنوبی افریقہ بہتر رن اوسط کے ساتھ پہلے اور آسٹریلیا دوسرے نمبر پر ہے۔

راولپنڈی میں بارش کے باعث چیمپئنز ٹرافی 2025 کے شیڈول پر اثرات کا خدشہ پیدا ہوگیا۔




Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor-Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804

پرنٹر و پبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30/ چترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا۔ 12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹیڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع ۔ ایڈیٹر: پریم شنکر ، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی۔ (پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804